© rasailojaraid.com

زیر نظر کتاب "انوار الحدیث" انہی دروس حدیث کا چوتھا مجموعہ ہے جو حسب سابق جناب عثمان غنی نے ہی بڑی محنت اور خلوص سے مرتب کیا ہے اور حضرت قاضی صاحب کی نظر ثانی کے بعد شائع ہوا ہے۔ اس مجموعے میں ۷۲ احادیث مبارکہ کا ذکر ہے۔ تشریحات میں قرآنی آیات اور احادیث بھی آ گئی ہیں ۔ جماعت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سے کئی شخصیات کا تعارف بھی ضمناً درج ہے۔ ۸۰ عنوانات پر مشتمل یہ مجموعہ احادیث کا ایک خوبصورت گلدستہ ہے۔ سیرت طیبہ ، سیرت اصحاب و ازواج رسول علیہم الرضوان ، معاملات ، اخلاق و عادات اور نبی کریم ﷺ کے ارشادات کی روشنی میں قائم دینی سماج کے خوبصورت مناظر اس کتاب میں موجود ہیں جنہیں پڑھ کر ایمان و یقین کو جلا ملتی ہے۔ فکر آخرت کا جذبہ پیدا ہوتا ہے اور دینی زندگی کی خوبصورت راہوں کے در وا ہوتے ہیں ۔

## کنز العلم والعمل:

تدوین و ترجمہ: محمد نذیر رانجھا ضخامت: ۱۴۶ صفحات بار اول: ۱۹۹۶..... قیمت ۹۰/- روپے

ناشر: عتیق پبلشنگ ہاؤس ، ماڈل ٹاؤن ، کھوٹہ روڈ ، اسلام آباد

دجل و تلبیس ، کافرانہ تہذیب اور ملحدانہ افکار و خیالات کی یلغار کے اس دور میں حدیث رسول ﷺ کی تبلیغ و اشاعت نہایت اہم فریضہ ہے۔ کفار و مشرکین کی تہذیب و ثقافت سے مرعوب مسلمانوں کی گمراہی کا اصل سبب ہی یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ سے ان کا تعلق انتہائی کمزور ہو گیا ہے۔ قرون اولیٰ کے مسلمان اسی لئے کامیاب و کامران ہوئے کہ وہ صحیح معنوں میں نبی علیہ السلام کے مطیع و فرمانبردار تھے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ارشادات نبوی ﷺ کے ایک ایک حرف کو متاع عزیز سمجھ کر محفوظ کیا اور اسی طرح آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اداؤں کو بھی اپنی عملی زندگی میں محفوظ کیا۔ یعنی ان کی زندگی اتباع سنت کا بہترین نمونہ تھی۔ "کنز العمال" حدیث کی اہم کتاب ہے۔ جناب محمد نذیر رانجھا نے کنز العمال کی "کتاب العلم" کی ۴۹۱ احادیث مبارکہ کا اردو ترجمہ کیا ہے۔ جو عربی متن کے ساتھ اس کتاب میں شامل ہے۔ یہ کتاب علم و عمل کا خزانہ ہے اور اس کا مطالعہ یقیناً دینی زندگی اختیار کرنے کا محرک ہے۔

## حدیث رسول ﷺ سے عداوت کیوں؟

مؤلف: ڈاکٹر مفتی عبد الواحد ..... ضخامت: ۲۴ صفحات ہدیہ: دعاء خیر ..... اشاعت: ستمبر ۱۹۹۶ء

ملنے کا پتہ: قاری محمد حسن ناصر ، مدرسہ ناصر العلوم ، رشید ٹاؤن ، مانگا منڈی ، ضلع لاہور۔

دور جدید کے فتنوں میں منکرین حدیث کا فتنہ نہایت خطرناک اور گمراہ کن ہے جو براہ راست اور بلاواسطہ قرآن سے استفادے کا دعوے دار ہے اور اسی دعوے کی بنیاد پر حدیث کا انکار کر کے مسلمانوں کا تعلق قرآن اور حدیث دونوں سے قطع کر رہا ہے۔ سر سید احمد خان ، اسلم جیراج پوری ، عبد اللہ چکڑالوی اور غلام احمد پرویز اسی سلسلہ گمراہی کی کڑیاں ہیں۔



© rasailojaraid.com